
واسقینکم ماء فراتا
تفسیر فرات (اردو)
شیخ المحدثین علامہ
فرات بن ابراہیم کوفی
ترجمہ
ملک العلماء الحاج مولانا
محمد شریف صاحب
پیشکش
قرآن ریسرچ کمیٹی
جامعہ صاحب الزمان علیہ السلام ملتان

حقوق الطبع محفوظة

نام کتاب ——— تفسیر فرات

مؤلف ——— شیخ المحدثین سرکار علامہ
فرات بن ابراہیم کوفی

مترجم ——— ملک العلماء الحاج مولانا
ملک محمد شریف صاحب
مرحوم شاہ رسولوی ملتان

پیشکش ——— تنظیم محب علی علیہ السلام
لندن انگلینڈ

ناشر ——— قرآن ریسرچ کمیٹی
جامعہ صاحب الزمان
علیہ السلام ملتان

ہدیہ ——— 175/- روپے

اگست 2003ء

تنظیم انتظار مہدی ملتان

امیرالمومنینؑ ــــــ اس وقت اس کو بھی نہیں جانتا!

ابن کوا ــــــ نہیں۔

امیرالمومنینؑ ــــــ خدا نے مختلف شکلوں کے فرشتے پیدا کئے ہیں، بعض شیر کی شکل کے بعض گھوڑے کی شکل کے۔ خدا نے ایک فرشتہ مرغ کی شکل کا بنایا ہے جس کے نیچے ساتوں زمین پر قائم ہیں۔ اور اس کی دوہری کلغی عرش کے نیچے ہے اس کا آدھا حصہ آگ کا اور آدھا برف کا بنا ہوا ہے۔ آگ والا حصہ برف والے حصے کو نہیں پگھلاتا نہ ہی برف والا حصہ آگ والے حصے کو بجھاتا ہے:

فَاِذَا کَانَ کُلُّ سَحَرٍ شَفَقَ بِجَنَاحَیْہِ وَصَاحَ سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَبُّ الْمَلَائِکَةِ وَالرُّوْحِ مُحَمَّدٌ خَیْرُ الْبَشَرِ وَعَلِیٌّ خَیْرُ الْوَصِیِّیْنَ فَصَاحَتِ الْمَلَائِکَةُ۔

"ہر روز سحر کے وقت اپنے پر پھڑپھڑا کر کہتا ہے فرشتوں اور روح کا رب پاک و پاکیزہ ہے۔ محمدؐ اچھے بشر اور علیؑ بہترین وصی ہیں، یہ سن کر دنیا کے مرغے بانگ دینا شروع کر دیتے ہیں۔"

ابو جعفر علیہ السلام نے فرمایا۔ تورات، انجیل اور زبور میں اس کا نام تحریر نہیں ہے مگر ہمارے پاس اس کا اور اس کے باپ کا نام موجود ہے۔ تورات میں لکھا ہے۔ ظالمین پر خدا کی لعنت ہو۔

منہال بن عمرو کا بیان ہے کہ ــــــ ہم علی بن حسین بن علی علیہم السلام کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ میں نے عرض کی، آپ نے کیسے رات کی؟

فرمایا ــــــ "اے منہال! تم پر افسوس ہے۔ ہم نے اس طرح رات کی جیسے آل موسیٰ آل فرعون میں کیا کرتی تھی، جو آل موسیٰ کے بیٹوں کو ذبح کرتے اور ان کی عورتوں کو زندہ رکھتے، عرب عجم پر فخر کرتے ہیں کہ محمدؐ ہم میں تھا۔